www.KitaboSunnat.com

ایک عظیم فریضہ اور ہماری غفلت

جناب محمد عظیم الدین (بی۔ کام) ص۔ ب۔ ۹۹۱۔ جدہ

تقریباً تین صدیاں قبل انگریزی زبان میں قرآن مجید کا پہلا ترجمہ ہوا پھر اس کے بعد کئی تراجم منظرِ عام پر آئے اور اب لاکھوں کی تعداد میں یہ تراجم انگریزی داں نومسلموں اور قرآن سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کے زیرِ مطالعہ ہیں لیکن افسوس کہ ان تراجم میں نہ صرف یہ کہ بہت سی فحش اغلاط ہیں بلکہ بعض تو گمراہ کن ہیں مگر حیرت ہے کہ اس شدید المناک صورتِ حال کی طرف بہت کم توجہ دی گئی ہے۔ طرہ یہ کہ بعض چوٹی کے اسلامی ادارے انہی غلط سلط تراجم کو فراخدلی سے مفت تقسیم کر رہے ہیں لیکن ان کی تصحیح اور اصلاح کا کسی کو خیال تک نہیں حالانکہ اس وقت دنیائے اسلام میں سینکڑوں ایسے حضرات موجود ہیں جو قرآنی مفاہیم سے خوب واقفیت رکھنے کے ساتھ ساتھ انگریزی داں بھی ہیں اور اس کام کو بخوبی سرانجام دے سکتے ہیں۔

برادرانِ اسلام! اس مقدس کتاب کے الفاظ و معانی کی حفاظت کی ذمہ داری حامل قرآن امت یعنی ہم پر ہے۔ خدانخواستہ اگر ہم اس میں ناکام رہے تو ہم پچاس ہزار سالہ یوم حساب میں (جب کہ مسئولیت کے خوف انبیاء کرام بھی "نفسی نفسی" پکاریں گے) اللہ جبار و قہار کے سامنے کیا عذر پیش کریں گے جب وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان الفاظ میں ہماری شکایت کریں گے۔

يَا رَبِّ إِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوا هَٰذَا الْقُرْآنَ مَهْجُورًا (الفرقان ع ۳)

اے رب! میری قوم نے اس قرآن کو چھوڑ رکھا تھا۔

سوچیے کس کی عدالت ہوگی؟ کون مدعی ہوگا؟ اور کیا دعوےٰ؟ ـــــ ہمارے پاس کیا جواب ہوگا؟

مندرجہ بالا تلخ اور دل خراش تصریحات کے پیشِ نظر اللہ تعالیٰ کے چند عاجز بندوں نے اپنے عظیم فریضہ کا احساس کرتے ہوئے (بتوفیقِ الٰہی) اس کارِ خیر کا بیڑا اٹھایا ہے کہ مروجہ انگریزی تراجم کی اغلاط کی نشاندہی کر کے انہیں چھپوا کر مفت تقسیم کیا جائے۔ (ان شاء اللہ) فی الحال ان اغلاط کی علیحدہ طبع ہی کا ارادہ ہے۔ اس عظیم مقصد کے لیے ہمیں ماہر قرآن و انگریزی داں علماء کا تعاون درکار ہے جو بطریقِ احسن اس کام کو سرانجام دے سکیں۔ (ابتدائی اخراجات کا بوجھ کسی بھی فرد پر نہیں ڈالا جائے گا۔)

پاکستان میں درج ذیل پتوں پر رابطہ قائم کیجیے۔

(۱) جناب محمد مسعود صاحب، سی۔ ایس۔ پی۔ ۔ بے ۔ کے باتھ آئیلینڈ کراچی (۲) جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب، کوپر روڈ، اسلام پورہ لاہور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ